سوال

اجنبی عورت کودم کرنے کے لیے خلوت جائز نہیں

جواب

الحمدللہ

کسی بھی اجنبی عورت سے خلوت کرنا حرام ہے چاہے وہ قرآن کریم کا دم کرنے کے لیے ہی کیوں نہ ہو، اس لیے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

(کوئی بھی مرد کسی عورت سے خلوت نہ کرے ، اس لیے کہ ان دونوں کے ساتھ تیسرا شیطان ہوتا ہے) ۔

اور خلوت میں سب سے زیادہ خطرناک اور عظیم جرم تو آپ کا اس اجنبی مرد کے گھر میں کچھ راتیں بسر کرنا اور اس کے گھر میں قیام ہے اور آپ کے ساتھ خلوت ہے ، جو سب کچھ شر اور فساد کے وسائل میں شامل ہوتا ہے ۔

تو ہر اس مسلمان عورت پر جس نے ایسا کام کیا ہوا سے چاہیے کہ وہ اللہ تعالی کے سامنے توبہ نصوحہ کرے ، اور آئندہ عزم کرے کہ وہ ایسا برا کام نہیں کرے گی ۔

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ۔ .

اسلام سوال وجواب

21599